تبصرے

رسالوں کے خاص نمبر اور نئے رسالے

نقوش کا طنز و مزاح نمبر از مرتبہ جناب محمد طفیل صاحب۔ تقطیع کلاں۔ کتابت و طباعت اعلیٰ، ضخامت ۹۲۰ صفحات، قیمت عشہ روپیہ۔ پتہ:۔ ادارۂ فروغ اردو لاہور۔

نقوش لاہور نے اپنے خاص نمبروں کی ظاہری اور معنوی خصوصیات اور غیر معمولی ضخامت کی وجہ سے جو شہرت حاصل کرلی ہے اردو کا کوئی رسالہ اس کے حریف ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا ہر خاص نمبر بڑی محنت اور کاوش سے مرتب کر کے بصرف زر کثیر شائع کیا جاتا ہے اور اپنے موضوع پر وسیع۔ ٹھوس اور قابل قدر معلومات کا گنجینہ ہوتا ہے چنانچہ یہ نمبر بھی گذشتہ نمبروں کی خصوصیات کا پورے طور پر حامل ہے جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کا موضوع طنز و مزاح ہے اور اس خاص نمبر میں تاریخی، تحقیقی ادبی اور تنقیدی اعتبار سے وہ سب کچھ ہے جس کا تعلق ادب کی اس مخصوص صنف کے ساتھ ہے۔ چنانچہ شروع میں کلیم الدین احمد۔ شوکت سبزواری۔ خورشید الاسلام۔ وزیر آغا اور علم الدین سالک ایسے مستند ارباب قلم کے لکھے ہوئے مقالات ہیں جو طنز و مزاح کے مختلف پہلوؤں پر ہیں اس کے بعد دنیا کی بڑی بڑی زبانوں عربی فارسی۔ ہندی۔ بنگالی۔ انگریزی۔ فرانسیسی۔ روسی اور چینی کے طنزیہ اور مزاحیہ ادب کے نمونے ہیں۔ پھر اردو زبان کے طنزیہ ادب کو مختلف ادوار میں تقسیم کر کے الگ الگ مستقل ابواب میں ہر دور کے ادب کے نمونے بڑی جامعیت کے ساتھ پیش کئے ہیں اس سلسلہ میں طنز نگار ادیب۔ محقق۔ شاعر۔ رسائل اور اخبارات ان سب کا ذکر